رول نمبر: ____________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **العقیدۃ**

تاریخ: **01-03-2023** دن: **بدھ** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: ابراہیم علیہ السلام نے بتوں کو کیوں توڑا؟

سوال نمبر 2: کیا حضرت عیسی علیہ السلام اور حضرت مریم رضی اللہ تعالی عنہا دونوں پر امور شرعیہ جاری ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 3: اللہ تعالی کی صفت کلام پر قرآن سے ایک دلیل بیان کریں۔

سوال نمبر 4: تورات وانجیل میں آپ ﷺ کے ذکر پر قرآنی استشہاد پیش کریں۔

سوال نمبر 5: ﴿فَاهۡدُوهُمۡ إِلَىٰ صِرَٰطِ ٱلۡجَحِيمِ﴾ آیت کس چیز کی دلیل ہے؟

سوال نمبر 6: نبی کریم ﷺ نے مباہلہ کے لیے کن لوگوں کو بلایا اور وہ کیوں نہ آئے؟

سوال نمبر 7: "وظهرت على أيديهم المعجزات التي لا يقدر البشر على مثلها" وضاحت کریں۔

سوال نمبر 8: "إن الله ثالث ثلثة" کن لوگوں کا قول ہے اور وہ اس سے کیا ثابت کرتے ہیں؟

سوال نمبر 9: "فإنه لما رأى الكوكب والقمر والشمس قد أفلت وتغيرت عن حالها عنهم علم أنها محدثة" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 10: "إن الله قادر على أن يخلق ولدا من غير والد" وضاحت کریں۔

سوال نمبر 11: اللہ پاک کی صفات ذاتیہ کون کونسی ہیں؟ صرف نام لکھیں۔

سوال نمبر 12: "لم يحدث له اسم ولا صفة" کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 13: قرآن کی لغوی واصطلاحی تعریف ذکر کریں۔

سوال نمبر 14: "كلام الله تعالي غير مخلوق وكلام موسى وغيره من المخلوقين مخلوق" اعراب لگا کر ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 15: "ولم يجبر أحدا من خلقه على الكفر وعلى الإيمان" وضاحت کریں۔

سوال نمبر 16: "ولا نذكر الصحابة إلا بخير" غرض مصنف بیان کریں۔

سوال نمبر 17: کیا مرتکبِ کبیرہ مسلمان کا ایمان زائل ہو جاتا ہے؟

سوال نمبر 18: "وإيمان أهل السماء والأرض لا يزيد ولا ينقص" وضاحت کریں۔

سوال نمبر 19: "وإعادة الروح إلى العبد في قبره حق" وضاحت کریں۔

سوال نمبر 20: "أمرهم بالإيمان ونهاهم عن الكفر فأقروا له بالربوبية فكان ذلك منهم إيمانا فهم يولدون على تلك الفطرة" ترجمہ کریں۔

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: موجودات کا خالق اللہ ہے دلائل سے ثابت کریں۔

سوال نمبر 2: دو خداؤں کو ماننا کتنی اور کون کونسی وجوہ سے باطل ہے؟ عقلی و نقلی وجوہ سپرد قلم کریں۔

سوال نمبر 3: قیام قیامت کی حکمتیں تفصیلا بیان کریں۔

سوال نمبر 4: عصمت انبیاء پر الفقہ الاکبر کی روشنی میں نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: آخرت میں رؤیت باری تعالی کا خلاصہ بیان کریں۔

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ____________

**سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**

**کنز المدارس بورڈ پاکستان**

درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الدعوۃ والارشاد**

تاریخ: **28-02-2023** دن: **منگل** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75**

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: "انسان حقائق لطیفہ کا مجموعہ ہے" اس عبارت کا مطلب واضح کریں۔

سوال نمبر 2: نیکی کی دعوت کے کل کتنے مقاصد ہیں؟ کسی دو کے نام تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: مدعو کی تعریف سپرد قلم کریں۔

سوال نمبر 4: داعی و مبلغ کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 5: ضعفاء کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 6: منافقین کے تین مزاج/اوصاف تحریر کریں۔

سوال نمبر 7: متبعین کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 8: معاندین کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 9: انبیائے کرام کی 6 خصوصیات تحریر کریں۔

سوال نمبر 10: منکرین عقیدہ آخرت کے باطل نظریات کو تین لائنوں میں بیان کریں۔

سوال نمبر 11: اخوت و مساوات کو تین لائنوں میں بیان کریں۔

سوال نمبر 12: جمع قرآن کے ادوار بیان کریں اور بتائیں جامع قرآن کس صحابی کا لقب ہے اور کیوں ہے؟

سوال نمبر 13: تجدید دین میں کیا حکمت پوشیدہ ہے؟ تین لائنوں میں بیان کریں۔

سوال نمبر 14: عقائد و نظریات کی تجدید میں امام اہلسنت امام احمد رضا خان رحمہ اللہ تعالی کی خدمات کو مختصرا بیان کریں۔

سوال نمبر 15: تحریر کے تین مقاصد تحریر کریں۔

سوال نمبر 16: اسلوب تحریر کی بہتری میں مصنف کی انفرادیت کا کیا کردار ہے؟

سوال نمبر 17: پروف ریڈنگ کی اہمیت بیان کریں۔

سوال نمبر 18: برے خطیب کے معاشرے پر اثرات کو 4 لائنوں میں بیان کریں۔

سوال نمبر 19: مبلغ کے لیے دینی معلومات میں سے کن کن چیزوں کا جاننا ضروری ہے؟

سوال نمبر 20: تفسیر بالرائے سے کیا مراد ہے اور اس کا کیا حکم ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: علم الدعوۃ کی تعریف، موضوع اور غرض و غایت تحریر کریں، نیز علم الدعوۃ کے ارکان کی تعداد اور نام بتائیں۔

سوال نمبر 2: معاندین کے تین اسباب کون کون سے ہیں، ان میں سے ہر سبب پر پانچ لائنوں کا نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: امام فخر الدین الرازی رحمہ اللہ تعالی کی تجدیدی خدمات کا جائزہ پیش کریں۔

سوال نمبر 4: عمدہ اسلوب کے لیے الفاظ و خیال کیا حیثیت رکھتے ہیں؟ ایک جامع مفصل نوٹ تحریر کریں۔

سوال نمبر 5: عناصر بیان کتنے اور کون کون سے ہیں؟ کسی پانچ کو مفصلا تحریر کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ________ | **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **دوسرا** مضمون: **الفقہ**<br>تاریخ: **25-02-2023** دن: ہفتہ کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | KANZUL MADARIS BOARD |
| جوابی کاپی نمبر: ________ | | |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: وضو میں چہرے کی حد ہدایہ کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر 2: قے کے ناقض وضو ہونے پر احناف کی ایک دلیل تحریر کریں۔

سوال نمبر 3: حدیث "قلتین" کا صاحب ہدایہ نے کیا جواب دیا ہے؟

سوال نمبر 4: ماء مستعمل کی تعریف ہدایہ کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر 5: آزاد پھرنے والی مرغی کے جوٹھے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 6: موزے پر مسح کی ایک شرط بیان کریں۔

سوال نمبر 7: نماز ظہر کے انتہائے وقت کے بارے میں احناف کا مؤقف لکھیں۔ سوال نمبر 8: تشہدِ ابن مسعود کیا ہے؟

سوال نمبر 9: نبی کریم ﷺ کے تورک فرمانے کا احناف کی طرف سے صاحب ہدایہ نے کیا جواب دیا؟

سوال نمبر 10: "صلاۃ النھر عجماء" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 11: مسئلہ محاذاۃ کی مختصر وضاحت کریں۔

سوال نمبر 12: نکاح کن کن الفاظ سے منعقد ہوتا ہے؟ کوئی سے تین الفاظ ذکر کریں۔

سوال نمبر 13: زنا سے حاملہ عورت کے ساتھ نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر 14: ولی اقرب کی غیبت منقطعہ کی تعریف ہدایہ کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر 15: مہر کی کم سے کم مقدار احناف کے ہاں کیا ہے؟

سوال نمبر 16: مہر مثل سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 17: "وإذا شرب صبیان من لبن شاۃ لم یتعلق بہ التحریم" اعراب لگائیں۔

سوال نمبر 18: طلاق سنت کیا ہے؟

سوال نمبر 19: طلاق رجعی سے متعلقہ تین کنایہ الفاظ تحریر کریں۔

سوال نمبر 20: ظہار کسے کہتے ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: غیر سبیلین سے خارج نجاست کے ناقض وضو ہونے یا نہ ہونے میں اختلاف ائمہ مع الدلائل ذکر کریں۔

سوال نمبر 2: حائضہ عورت پر کون کون سے احکام لاگو ہوتے ہیں؟ مع الدلائل ذکر کریں۔

سوال نمبر 3: مرد و زن کا ستر عورۃ کیا ہے؟ اختلاف ائمہ ذکر کریں اور باندی کا ستر عورت بھی لکھیں۔

سوال نمبر 4: مدت رضاعت میں اختلاف ائمہ مع الدلائل ذکر کریں۔

سوال نمبر 5: ایلاء کے احکام مذہب احناف کی روشنی میں تحریر کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ** | | | رول نمبر:_____________ |
| **کنز المدارس بورڈ پاکستان** | | | |
| درجہ: **عالیہ سال دوم** | پرچہ: **چھٹا** | مضمون: **المناظرة+الفلسفة** | جوابی کاپی نمبر:___________ |
| تاریخ: **02-03-2023** | دن: **جمعرات** | کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** | کل نمبر: **75** |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: صاحب مناظرہ رشیدیہ نے "**الحمد**" کے لام کے حوالے سے کیا احتمالات ذکر کیے ہیں؟

سوال نمبر 2: "**بحث**" سے شارح شریفیہ نے کونسا معنی مراد لیا ہے؟

سوال نمبر 3: سائل کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 4: تعلیل کی تعریف میں علت تامہ مراد لینے کا کیا قرینہ ہے؟

سوال نمبر 5: منع کی تعریف لکھیں۔

سوال نمبر 6: سند فاسد کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 7: "**المغالطات العامة الورود**" معارضہ کی کونسی قسم سے ہیں؟ واضح کریں۔

سوال نمبر 8: ترتیب کا لغوی و اصطلاحی معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: : "**عدم توجه المنع حقيقة على النقل و الدعوى**" ترجمہ کریں اور بتائیں یہ کس بحث کی طرف اشارہ ہے؟

سوال نمبر 10: مقاطع کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 11: "**جزء لا يتجزى**" کے ابطال سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 12: **هداية الحكمة** میں مصنف کے اسلوب "**هذا خلف**" سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 13: ہیولی کسے کہتے ہیں؟

سوال نمبر 14: صورت جسمیہ کا ہیولی کے بغیر غیر متناہی ہو کر پایا جانا کیوں باطل ہے؟

سوال نمبر 15: ہیولی سے صورت جسمیہ مقترن ہو تو ہیولی کی جو تین حالتیں ممکن ہیں بیان کریں۔

سوال نمبر 16: ہیولی اور صورت کے علت و معلول نہ ہونے سے کیا وہم ہوتا ہے؟

سوال نمبر 17: اگر مکان کو خلا کا نام دے دیا جائے، تو کون سے دو احتمال ہونگے؟

سوال نمبر 18: حیز طبعی کس کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 19: شکل طبعی سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 20: حرکت ذاتیہ کی کتنی قسمیں ہیں؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: توجیہ سے کیا مراد ہے؟ تعریف کرتے ہوئے مثال بھی دیں۔

سوال نمبر 2: بحث اول کا خلاصہ بیان کریں۔

سوال نمبر 3: تصحیح نقل کی تعریف کرتے ہوئے شارح نے اسکی جو وضاحت کی ہے بیان کریں۔

سوال نمبر 4: مکان کی تعریف **هداية الحكمة** کی روشنی میں کریں اور وضاحت کرتے ہوئے اسکو ثابت کریں۔

سوال نمبر 5: صورۃ نوعیہ سے کیا مراد ہے؟ وضاحت کریں۔

| | | |
|---|---|---|
| رول نمبر: ____________ | **سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ**<br>**کنزالمدارس بورڈ پاکستان**<br>درجہ: **عالیہ سال دوم** پرچہ: **پہلا** مضمون: **التفسیر**<br>تاریخ: **23-02-2023** دن: **جمعرات** کل وقت: **2 گھنٹے 30 منٹ** کل نمبر: **75** | KANZUL MADARIS BOARD |
| جوابی کاپی نمبر: ____________ | | |

## حصہ انشائیہ:

## مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: وہ کون سا علم ہے، جس کو علوم کا رئیس کہا گیا ہے اور وہ علم قواعد و شریعت کے لیے کیا ہے اور اس علم میں کلام کی اجازت کس کو ہو گی؟

سوال نمبر 2: سورۃ الفاتحہ کو سورۃ الشفا کیوں کہتے ہیں؟ وجہ تسمیہ ذکر کریں۔

سوال نمبر 3: ﴿بِسمِ اللهِ الرَّحمٰنِ الرَّحِيمِ﴾ کی تفسیر کے ضمن میں علامہ بیضاوی کا فعل خاص کی (جار مجرور سے مؤخر) تقدیر کے بارے میں بیان کردہ قاعدہ لکھیں۔

سوال نمبر 4: "رَحْمٰن" اور "رَحِيم" میں کونسا لفظ ابلغ ہے اور کیوں ہے؟

سوال نمبر 5: "اَلْحَمْدَ" اگر منصوب ہے تو اسکے فعل عامل کو ذکر کیوں نہیں کیا گیا؟

سوال نمبر 6: ﴿مَالِكِ يَومِ الدِّينِ﴾ میں "مَالِكًا" کی قراءت بھی کی گئی ہے، آپ یہ بتائیں کہ ایسا کس بنا پر پڑھا گیا ہے؟

سوال نمبر 7: عبادت کا لغوی و اصطلاحی معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 8: ﴿أَنعَمتَ عَلَيهِم﴾ کے مصداق کے حوالے سے بیان کردہ تین اقوال تفسیر بیضاوی کی روشنی میں تحریر کریں۔

سوال نمبر 9: ﴿المَغضُوبِ عَلَيهِم﴾ سے کون مراد ہیں اور ﴿الضَّآلِّينَ﴾ سے کون لوگ مراد ہیں؟ تفسیر بیضاوی کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر 10: "رَيب" باعتبار مشتق ہونے کے کیا ہے اسکا اصلی معنی کیا ہے اور اسکا شک والا معنی کیوں لیا گیا ہے؟

سوال نمبر 11: اعمال نفسانیہ، اعمال بدنیہ اور اعمال مالیہ کو بیان کریں۔

سوال نمبر 12: إِنَّ حرف مشبہ بالفعل کی فعل کے ساتھ مشابہت کے تفسیر بیضاوی میں بیان کردہ تینوں اعتبارات مختصراً ذکر کریں۔

سوال نمبر 13: "إِنْذَار" کا لغوی و اصطلاحی معنی تحریر کریں۔

سوال نمبر 14: "والختم الكتم سمي به الاستيشاق من الشيء بضرب الخاتم عليه لأنه كتم له" کا ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 15: ﴿بِمَا كَانُوا يَكذِبُونَ﴾ قرأها عاصم وحمزة والكسائي والمعنى بسبب كذبهم أو ببدله جزاء لهم وهو قولهم آمنا وقرأ الباقون "يُكَذِّبُونَ"
اس عبارت سے امام بیضاوی کیا بتانا چاہتے ہیں؟

سوال نمبر 16: ﴿الَّذِي جَعَلَ لَكُمُ الأَرضَ﴾ میں "جَعَلَ" کونسے افعال سے ہے اور یہ کن معانی کے لیے آتا ہے؟ کوئی سے دو معانی تفسیر بیضاوی کی روشنی میں لکھیں۔

سوال نمبر 17: ﴿وَإِذَا خَلَوْا إِلَىٰ شَيَٰطِينِهِم﴾ میں کونسے شیاطین مراد ہیں تفسیر بیضاوی کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر 18: "شَاءَ" کی اصل کیا ہے اور اسکا اطلاق کتنے معانی پر ہوتا ہے؟ تفسیر بیضاوی کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال نمبر 19: تقوی کا مفہوم امام بیضاوی نے کیا بیان کیا ہے؟

سوال نمبر 20: "أَنْدَادًا" کا مفرد اور معنی لکھیں اور یہ بتائیں کہ اسکو کس معنی کے ساتھ خاص کر دیا گیا ہے؟

## طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: ﴿وَمِنَ النَّاسِ مَن يَقُولُ اٰمَنَّا بِاللهِ وَبِاليَومِ الاٰخِرِ وَمَا هُم بِمُؤمِنِينَ﴾ اس آیت میں کونسی قسم کے افراد مراد ہیں؟ اور ان کے لیے وعید میں جو آیت نازل کی گئی ہے اسے تحریر کریں۔ نیز یہ بتائیں کہ "النَّاسِ" کی اصل کیا ہے اور یہ بتائیں کہ "النَّاسِ" میں الف لام اگر جنس کا ہو تو "مَنْ" کونسا ہو گا، اور اگر الف لام عہدی ہو تو "مَنْ" کونسا ہو گا؟

سوال نمبر 2: حروف مقطعات کس چیز کے نام ہو سکتے ہیں اس پر اکثر کی رائے کیا ہے؟ اور یہ بتائیں کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ نے "الٓمٓ" کے کیا معنی بیان کیے ہیں اور جب آپ ﷺ کی بارگاہ میں یہود نے "الٓمٓ" کے معنی کو بیان کیا تو آپ ﷺ نے کیا جواب دیا؟ نیز یہ بتائیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ حروف مقطعات کو اپنے کلام میں کیسے استعمال کیا کرتے تھے؟

سوال نمبر 3: ﴿اَللهُ يَستَهزِئُ بِهِم﴾ اللہ تعالی نے منافقین کے ساتھ استہزاء کیوں فرمایا اور یہ بتائیں کہ اللہ تعالی نے منافقین کے استہزاء کی جزا کو اپنے استہزاء سے کیوں بیان فرمایا اسکی کونسی ممکنہ وجوہات امام بیضاوی نے بیان کی ہیں؟ کوئی سی چار لکھیں۔ اور یہ کہ امام بیضاوی نے اس آیت کے جملہ مستأنفہ ہونے کی کیا وجہ بیان کی ہے؟

سوال نمبر 4: ﴿يَٰٓأَيُّهَا النَّاسُ اعبُدُوا رَبَّكُم﴾ "يَا" کونسا حرف ہے اور یہ کس معنی کے لیے آتا ہے اور اس سے کن وجوہات کی بنیاد پر قریب کی ندا کا معنی مراد لیا جا سکتا ہے؟ نیز یہ بتائیں کہ یہاں "النَّاسُ" سے لفظی طور پر کونسے افراد مراد ہو سکتے ہیں اور معنوی طور پر کونسے افراد مراد ہو سکتے ہیں؟

سوال نمبر 5: ﴿فَأتُوا بِسُورَةٍ مِّن مِّثلِهِ﴾ یہ آیت کس چیز پر حجت ہے یہاں "مِنْ" کن معنوں میں ہو سکتا ہے اور اخفش کے نزدیک اسکا کیا معنی متعین ہے؟ "مِثْلِهِ" ضمیر کے مراجع کیا ہو سکتے ہیں اور اوجہ مرجع کونسا ہو سکتا ہے؟ مع دلیل بیان کریں۔

سالانہ امتحان 2023ء/1444ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: عالیہ سال دوم | پرچہ: تیسرا | مضمون: التصوف

تاریخ: 27-02-2023 | دن: پیر | کل وقت: 2 گھنٹے 30 منٹ | کل نمبر: 75

رول نمبر: ______________

جوابی کاپی نمبر: ______________

## حصہ انشائیہ:

### مختصر سوالات (Short Questions)

**نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)**

سوال نمبر 1: عبادت سے علم کے مقدم ہونے کی دوسری وجہ کیا ہے؟

سوال نمبر 2: علم سِرّ سے مسلمان کے لیے کتنا جاننا ضروری ہے؟

سوال نمبر 3: کتنے کاموں میں جلدی شیطان کا کام ہے؟

سوال نمبر 4: "فما كان في المال فيجب أن ترده عليه إن أمكنك" عبارت کی وضاحت کریں۔

سوال نمبر 5: تقوی کے کتنے اور کونسے کونسے منازل ہیں؟

سوال نمبر 6: کیا عبادت و تجارت کو جمع کر سکتے ہیں؟ صحابہ کرام کا کوئی قول بیان کریں۔

سوال نمبر 7: زہد غیر مقدور کی تعریف کریں۔

سوال نمبر 8: ملہم کس فرشتے کو کہتے ہیں؟

سوال نمبر 9: "والخاطر الذي يكون من قبل الشيطان لا يكون إلا بشر إغواء واستزلالا وربما يكون بالخير مكرا واستدراجا" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 10: ابلیس کے تکبر اور آدم علیہ السلام سے حسد کی وجہ سے کتنے سال کی عبادت ضائع ہوئی؟

سوال نمبر 11: گروہ اولیاء میں کن کے لیے "جبل" کا لفظ استعمال کیا جاتا ہے اور کیوں؟

سوال نمبر 12: "مابين صمت واعتزال دائم والجوع والسهر النزيه العالي" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 13: "أكمل إنسان متمكن في مقام الفردية تدور عليه أحوال الخلق" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 14: اوتاد کے وصف و ثبوت میں آیت قرآنی لکھیں۔

سوال نمبر 15: "أنه يقتضي أن الملائكة أفضل من الأنبياء" کیا چیز تقاضا کرتی ہے کہ فرشتے انبیاء سے افضل ہوں؟

سوال نمبر 16: اکمل شہر، گھر اور مخلوق کونسے ہیں؟

سوال نمبر 17: امت محمدیہ کے آخری قطب کون ہونگے؟

سوال نمبر 18: وفي رواية عنه: "إِنَّ بُدَلَاءَ أُمَّتِي لَمْ يَدْخُلُوا الْجَنَّةَ بِكَثْرَةِ صَلَاةٍ وَلَا صَوْمٍ وَلَا صَدَقَةٍ وَلَكِنْ دَخَلُوهَا بِرَحْمَةِ اللهِ وَسَخَاوَةِ الْأَنْفُسِ وَسَلَامَةِ الصُّدُورِ" ترجمہ کریں۔

سوال نمبر 19: ظہور کرامت پر کوئی ایک قرآنی واقعہ سپرد قلم کریں۔

سوال نمبر 20: "لو ادعى الولي النبوة صار عدو الله تعالى لا يستحق الكرامة بل اللعنة والإهانة" ترجمہ کریں۔

### طویل سوالات (Long Questions)

**نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)**

سوال نمبر 1: توبہ کے ارکان و شرائط صوفیاء کے نزدیک کتنے اور کون کونسے ہیں؟ بالتفصیل بیان کریں۔

سوال نمبر 2: اصلاح قلب سے متعلق کتنے اور کون کونسے اصول منہاج العابدین میں بیان ہوئے ہیں؟

سوال نمبر 3: ابدال کے لغوی و اصطلاحی معنی اور انکی تعداد بیان کریں۔ نیز امام غزالی علیہ الرحمۃ نے ان کے کیا اوصاف بیان کیے ہیں؟

سوال نمبر 4: مراتب ملائکہ کی افضلیت میں مختلف اقوال بیان کریں۔

سوال نمبر 5: طولِ امل کی تعریف کریں نیز اسکی وجہ سے کتنی اور کون کونسی چیزوں کا اضافہ ہوگا؟ وضاحت کریں۔